میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

﴿وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنكُمۡ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَيَسۡتَخۡلِفَنَّهُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ كَمَا ٱسۡتَخۡلَفَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمۡ دِينَهُمُ ٱلَّذِي ٱرۡتَضَىٰ لَهُمۡ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّنۢ بَعۡدِ خَوۡفِهِمۡ أَمۡنٗاۚ يَعۡبُدُونَنِي لَا يُشۡرِكُونَ بِي شَيۡـٔٗاۚ وَمَن كَفَرَ بَعۡدَ ذَٰلِكَ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡفَٰسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

اتوار، 22 ربیع الاول، 1442ھ | 08/11/2020 | نمبر: 1442/28
پریس ریلیز

شام کے مسلمانوں پر بارود کی بارش کرنے اور آذربائیجان کے مسلمانوں کے ساتھ جنگ میں آرمینیا کا ساتھ دینے والے روس کے ساتھ فوجی مشقیں کر کے ہم کیسے اللہ کی رضا اور اس کے رسول ﷺ کی شفاعت حاصل کر سکتے ہیں؟

جمعرات 5 نومبر کو روس کی سپیشل فورسز کا دستہ 2 ہفتے کی مشترکہ مشقوں DRUZHBA 5 کے لئے پاکستان پہنچا۔ آئی ایس پی آر کی ٹویٹ کے مطابق ان مشقوں کا مقصد انسداد دہشت گردی کے حوالے سے دونوں ممالک کی افواج کے تجربات کا اشتراک ہے۔ ان مشقوں کا آغاز روس کا شام کے مسلمانوں پر بمباریوں کا سلسلہ شروع کرنے کے ایک سال بعد 2016 میں ہوا، جس کو "Friendship 2016" کا نام دیا گیا تھا، جس کے بعد ہر سال اس طرح کی مشقیں کی جا رہی ہیں۔

عالمی طاقتوں کے ساتھ مشترکہ فوجی مشقوں کے بارے میں یہ تاثر پھیلایا جاتا ہے کہ اس سے "کمزور" ممالک کی افواج عالمی طاقت کی حامل افواج سے جنگی گُر اور تکنیک سیکھتی ہیں اور اس سے فوجی تعلقات قائم ہوتے ہیں تاہم عملاً یہ عالمی طاقتوں کا دیگر ابھرتی ہوئی طاقتوں کی فوجی قوت پر نظر رکھنے، ان کی اندر اپنے ایجنٹ بنانے، ان افواج میں اپنا اثر و نفوذ بڑھانے اور ان کو اپنے اسلحے یا مصنوعی طاقت سے مرعوب کرنے کیلئے عالمی طاقتوں کا ایک آزمودہ حربہ ہے۔ ان فوجی مشقوں کے ذریعے عالمی طاقتیں دوسری افواج کے لڑنے کے انداز اور جنگی ٹیکنیکس کے بارے میں معلومات حاصل کرتی ہیں۔ اس پر مستزاد یہ کہ یہ مشقیں ان حربی کافروں کے ساتھ کی جا رہی ہیں جن کے ہاتھوں سے مسلمانوں کا خون ٹپک رہا ہے اور جن سے صرف حالت جنگ کا معاملہ کیا جا سکتا ہے اور جن کی حیثیت کافر حربی فعلاً کی ہے۔ کیا یہ وہی روس نہیں جس نے اسی سال ستمبر 2020 میں ہمارے دشمن ملک بھارت کے ساتھ INDRA نامی مشترکہ مشقوں میں گیارہویں مرتبہ حصہ لیا اور ہندو ریاست کو S-400 میزائل سسٹم فروخت کر رہا ہے؟ کیا یہ وہی روس نہیں جو 2015 سے مسلسل شامی مسلمانوں کو آگ و خون کی بارش میں نہلا رہا ہے؟ کیا یہ وہی روس نہیں جس نے شامی مسلمانوں پر 200 نئے جدید ہتھیاروں کا تجربہ کیا اور شام کی مقدس سرزمین کو لاکھوں شامیوں کی مقتل گاہ بنا دیا؟ کیا یہ وہی روس نہیں جو لاکھوں افغانی مسلمانوں کا قاتل ہے؟ کیا یہ وہی روس نہیں جو چیچنیا، قوقاز اور روس کے دیگر مسلمانوں کے خلاف نبرد آزما ہے اور جو آذربائیجان کے مسلمانوں کے خلاف آرمینیا کی عیسائی فوج کی مدد کر رہا ہے؟ آخر ان مشقوں میں کونسی دہشت گردی کے خلاف جنگ کے تجربات کا اشتراک ہے، وہی جنگ جو دراصل اسلام کی مغرب اور استعماریت کے سامنے مزاحمت کے خلاف صلیبی جنگ ہے؟ وہی جنگ جس کی قیمت مجاہد افغان عوام، قبائلی پشتون اور شام کے غیرت مند مسلمانوں نے ادا کی اور کر رہے ہیں؟

اے افواج پاکستان! یہ حکمران آپ کو کس طرح دنیا کے شیطانوں کے ساتھ مشترکہ مشقوں پر مجبور کر سکتے ہیں؟ کیا آپ کیلئے کشمیر کی آزادی کی جنگ سے بہتر کوئی مشق ہے جس میں آپ کیلئے غزوہ ہند کے غازی بننے کا اجر یا شہادت کی موت کا عظیم مقام ہے؟ یہ مشقیں آخر کس لئے ہیں جب کہ باجوہ عمران حکومت آپ کو بیرکوں میں بند کر کے خود مودی کی سہولت کاری میں مصروف ہے تاکہ مودی آپ کے سامنے مقبوضہ کشمیر کو نگل لے؟ اس لاغر اور بیمار ذہنیت کی حامل فوجی اور سیاسی قیادت سے جان چھڑاؤ جو مغربی دفاعی اصولوں کی اسیر ہے اور جو اسلام کی اس آفاقی سیاسی بصیرت سے عاری ہے جس نے مادی وسائل کی کمی کے باوجود محض اسلامی احکامات کے بل بوتے پر اسلام دشمن طاقتوں کو زیر کیا۔ وہ روس ہمیں کیا جنگ کرنا سکھائے گا جس کو پاکستان اور افغان عوام کی قوت نے خود پارہ پارہ کر دیا تھا! دراصل روس ایک عرصہ سے اپنے گرد و نواح کے مسلم ممالک میں مسلمانوں کے عزائم سے خائف ہے جو روس کے پچھواڑے میں خلافت قائم کرنے کے درپے ہیں، وہ خلافت جس کے آغاز کیلئے پاکستان آئیڈیل پلیٹ فارم ہے، وہ خلافت جو روس کو مسلمانوں پر انسانیت سوز مظالم کے جواب میں چھٹی کا دودھ یاد دلوائے گی۔ اور جس کا پاکستان میں قیام ماسکو کے کریملن کمپلیکس میں پیوٹن اور اس کے حواریوں پر کپکپی طاری کر دے گی۔ وائٹ ہاؤس اور 10 ڈاؤننگ سٹریٹ کا حال بھی اس سے زیادہ مختلف نہیں ہو گا۔ اے خالد بن ولید کے بیٹوں! یہ امت تمہاری راہ تک رہی ہے۔ تو آگے بڑھو، اللہ کی مدد کا وعدہ تمہارا انتظار کر رہا ہے۔ اللہ سبحانہ و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ **ٱلَّذِينَ يَتَّخِذُونَ ٱلْكَافِرِينَ أَوْلِيَآءَ مِن دُونِ ٱلْمُؤْمِنِينَ أَيَبْتَغُونَ عِندَهُمُ ٱلْعِزَّةَ فَإِنَّ ٱلْعِزَّةَ لِلَّهِ جَمِيعاً۔ "جن کی حالت یہ ہے کہ مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست بناتے پھرتے ہیں، کیا ان کے پاس عزت کی تلاش میں جاتے ہیں؟ (تو یاد رکھیں) عزت تو ساری کی ساری اللہ تعالیٰ کے قبضے میں ہے" (النساء: 139)**

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس